ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | بتاریخ 28 ربیع الاول 1447ھ 22 ستمبر 2025ء منگل 08 | شمارہ 77
PTCL081-2827345 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | BC-m-1 رجسٹرڈ | قیمت 35 روپے

# مغوی اسسٹنٹ کمشنر زیارت بیٹے سمیت قتل، لاشیں ہرنائی سے برآمد، قاتل عبرتناک انجام سے بچ نہیں سکیں گے، گورنر وزیراعلیٰ کی شدید مذمت

زرد آلو کے قریب دو لاشیں ملنے کی اطلاع پر لیویز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر لاشیں تحویل میں لے کر ہسپتال پہنچا دیں جہاں انکی شناخت مغوی اے سی زیارت افضل باقی اور بیٹے مستنصر بالل سے ہوئی

10 اگست کو اسسٹنٹ کمشنر قیلی اور محافظوں کے ہمراہ سیاحتی مقام زیارتی میں چیک منار ہے تھے کہ قریبی پہاڑ سے درجنوں مسلح افراد نے اتر کر اسلحہ چھینا اور اسے اور انکے بیٹے کو ساتھ لے گئے

شدید تشدد کرنے کے بعد سروں پر گولیاں مار کر قتل کیا گیا، چند روز قبل ایک ویڈیو پیغام میں مقتولین نے حکومت سے اغواکاروں کے مطالبات ماننے کا مطالبہ کیا تھا، میتیں ورثا کے حوالے کر دی گئیں

اے سی محمد افضل کی قربانی کبھی رائیگاں نہیں جائے گی، بختر خان مندوخیل، سہوبائی حکومت دکھ کی اس گھڑی اور اقوام کی قربانیاں قیام امن کے سفر میں مشعل راہ ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (ن ش) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اسسٹنٹ کمشنر زیارت شہید محمد افضل اور ان کے بیٹے کی شہادت کے افسوسناک واقعہ پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا۔ اس المناک واقعے پر بیٹے کو ساتھ لے کر شہید ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر شہید محمد افضل کے دوران اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا اور ان کی قربانی کبھی رائیگاں نہیں جائے گی۔ گورنر مندوخیل نے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ وہ ملوث عناصر کو بلا رعایت گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ گورنر مندوخیل نے سوگوار خاندان کے ساتھ دلی ہمدردی کا ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

# ڈی آئی خان فورسز کا آپریشن فتنہ الخوارج کے 7 دہشتگرد ہلاک

20 ستمبر کو کاٹلانگ میں بھارتی پراکسی سے تعلق رکھنے والے خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس کی بنیاد پر آپریشن کیا گیا

فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو سرچ انداز میں نشانہ بنایا، ہلاک دہشتگردوں میں دو خوش بمبار بھی شامل ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد خان) ڈیرہ اسمٰعیل خان کے علاقے کاٹلانگ میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں فتنہ الخوارج کے 7 دہشتگرد ہلاک ہو گئے، ہلاک دہشتگردوں میں دو خوش بمبار بھی شامل تھے۔ پاک فوج کے ترجمان ادارے انٹرسروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق 20 ستمبر کو سیکیورٹی فورسز نے فتنۂ الخوارج کے ٹھکانے کو نشانہ بنایا، ہلاک دہشتگردوں کا تعلق ڈیرہ اسمٰعیل خان کے علاقے کاٹلانگ سے تھا، دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری اسلحہ برآمد کیا گیا، فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے ..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

سوئی: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی لائبریری کا افتتاح کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر حبیب الحق بھی موجود ہیں

# سوئی میں لائبریری کا افتتاح، کتاب روشنی، شعور اور ترقی کی علامت ہے، میر سرفراز بگٹی

مطالعے کا رجحان نوجوان نسل میں مثبت سوچ، بامقصد زندگی اور بہتر مستقبل کی بنیاد رکھتا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

نوجوانوں سوشل میڈیا کے غیر مصدقہ ذرائع پر انحصار کرنے کے بجائے کتب سے علم حاصل کرنے کو ترجیح دیں، خطاب

سوئی (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سوئی میں سوئی میونسپل لائبریری کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے علم و ادب کے فروغ کے لیے لائبریری کو وقت کے تقاضوں کے مطابق نئی شکل دینے کا اعلان کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کتاب، روشنی، شعور اور ترقی کی علامت ہے، اور مطالعے کو رجحان نوجوان نسل میں مثبت سوچ، بامقصد زندگی اور بہتر مستقبل کی بنیاد رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سینیٹ ..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

## امن، مساوات اقوام کے درمیان باہمی احترام کا نام ہے، بلاول بھٹو

جبکہ ہمارے ہمسائے بھارت کو جو سبق سکھایا وہ بندگی بھرے بازو کے گا مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر تعلقات ممکن نہیں بھارت جھگڑالو پڑوسی کے بجائے اچھے ہمسائے کی طرح رہے، شہباز شریف

# جنگ بندی مستقل بنیادوں پر بھارت امن کیلئے مذاکرات کریں، وزیر اعظم

پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگوں پر اربوں ڈالر خرچ ہوئے، اربوں ڈالر عوام کی ترقی و فلاح پر خرچ ہونے چاہئیں، ہم ترقی و خوشحالی، ملک میں بیروزگاری کا خاتمہ اور سرمایہ کاری چاہتے ہیں

اوورسیز پاکستانیوں کی معیشت میں معاونت ناقابل فراموش، اگر ہم فیصلہ کرلیں تو جیسے بھارت کے 6 جہاز گرائے ویسے غربت کا خاتمہ اور پاکستان کو قرضوں سے نجات دلائیں گے، اوورسیز کنونشن خطاب

لندن (مشرق نیوز) وزیر اعظم شہباز شریف نے ایک بار پھر واضح کیا کہ مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر پاکستان اور بھارت کے درمیان تعلقات قائم نہیں ہو سکتے، بھارت جھگڑالو پڑوسی کے بجائے اچھے ہمسائے کی طرح رہے، پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگوں پر اربوں ڈالر خرچ ..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

## ڈیرہ بگٹی کے علاقے سے 9 افراد کو اغواء کرلیا گی

جوابی بلٹی قبیلے کے افراد مال مویشی لیکر جا رہے تھے، علاقے میں خوف کی فضا

لیویز و فورسز کا سرچ آپریشن جاری، علاقے کا گھیراؤ کر کے تلاش شروع کردی

ڈیرہ مراد جمالی (دین این آئی) ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی سنگین سے نامعلوم مسلح افراد نے 9 افراد کو اغوا کر کے اپنے ساتھ لے کے فرار ہونے والے تمام افراد کا تعلق جوابی بلٹی قبیلے سے ہے۔ لیویز کے مطابق بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی کی تحصیل سوئی کے علاقے سنگین میں نامعلوم مسلح افراد نے دن کے پہر اچانک پر مقامی 9 افراد کو اغواء کر کے اپنے ..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

# فلسطین و کشمیر کو حق خودارادیت دیئے بغیر دنیا کا امن ادھورا ہے، صدر مملکت

پاکستان نہ صرف تاریخ کی درست سمت میں کھڑا ہے بلکہ عالمی اور علاقائی استحکام میں اپنا بھرپور کردار بھی ادا کر رہا ہے

عالمی برادری ہتھیاروں اور محاذ آرائی کی بجائے تعاون اور ترقی کو ترجیح دے، آصف زرداری کا عالمی یوم امن پر پیغام

اسلام آباد (نامہ نگار) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عالمی یوم امن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ دنیا آج علاقائی و عالمی امن میں پاکستان کے کردار کی تعریف کرتی ہے جب کہ فلسطین اور مقبوضہ کشمیر کے عوام کی دہائیوں سے جاری محرومیاں عالمی ضمیر کو جھنجھوڑ رہی ہیں، ان مظلوموں میں حق خودارادیت کے بغیر دنیا کا امن ادھورا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج دنیا میں قانون کی حکمرانی اور جس کی لاٹھی اس کی بھینس کے درمیان ایک معرکہ جاری ..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

## عمران خان اور بشریٰ بی بی نے تحائف جمع نہ کرانے کا کہا، سابق ایم ایس

بشریٰ بی بی کو سعودی ولی عہد کے تحائف کے عوض رقم جمع کرائی گئی، بیکیڈیز (ر) محمد احمد بلخاری چیلری سیٹ کی مالیت ساڑھے 7 کروڑ تھی، خزانہ میں 29 لاکھ جمع کرائے، حکام

اسلام آباد (نامہ نگار) توشہ خانہ کیس نو میں جشم ریفرنس کا حوالہ سابق عشری سیکرٹری بیگیڈیئر (ر) محمد احمد نے عدالت کو بتایا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی نے سعودی ولی عہد کے تحائف توشہ خانہ میں جمع نہ کرانے کا کہا، تحائف میں بلخاری چیلری سیٹ ..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

## تمام طبقات بربریت کیخلاف آواز اٹھائیں، محمود خان اچکزئی

مرکزی تنظیم تاجران کے رہنماء سیف الدین کی ملاقات، مختلف امور پر گفتگو

اسلام آباد (پ ر) پختونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و ٹریک کنفڈ آئین پاکستان کے مصدر محترم محمود خان اچکزئی سے مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات و مقامی رہنما سیف الدین ٹریک کنفڈ آئین پاکستان کے مصدر محترم ملی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں 2 ستمبر کو کیس خوکش دھماکے کے واقعہ میں مشرف خان اچکزئی کی تجویز ..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

## یورپی ممالک کے اقدامات تعاون کو معطل کردیں گے، ایران

تہران (مہ ذ) ایران کی اعلیٰ ترین قومی سلامتی کونسل نے کہا ہے کہ برطانیہ، فرانس اور جرمنی کی جانب سے اقوام متحدہ کی پابندیاں دوبارہ عائد کرنے کا اقدام مطلقاً اقوام متحدہ کے اسٹیٹ گورنمنٹ ادارے کے ساتھ ایران کے تعاون کو معطل کر دے گا۔ ایک رپورٹ کے ..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

## امریکی ویزا فیس کا اطلاق موجودہ ویزا ہولڈرز پر نہیں ہوگا

واشنگٹن (مہ ذ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اعلان کے بعد پیدا ہونے والی ہیجانی اور خوف کو کم کرنے کے لیے واضح ایک سے زیادہ وضاحت کی ہے کہ ایچ ون بی ویزا کے لیے مقرر کی جانے والی ایک لاکھ ڈالر (تقریباً 3 کروڑ پاکستانی روپے) کی فیس صرف ..... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

## سیلاب کے باعث موٹروے ایم 5 تا حال بند، 13 مقامات سے متاثر

ملتان (نیوز رپورٹ) ملتان کی تحصیل جلال پور پیر والا میں سیلاب کے باعث موٹروے ایم 5 تا حال بند ہے، تاہم موٹروے کی بحالی کے لیے کام جاری ہے۔ ترجمان موٹروے کے مطابق موٹروے ایم 5 پر اب تک 13 پوائنٹس متاثر ہو چکے ہیں جبکہ مزید چار سے پانچ پوائنٹس متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ ایم 5 کی بندش کے باعث موٹروے پولیس ٹریفک کو متبادل راستوں سے گزاری ہے۔ ملتان سے سکھر سفر کرنے والی ..... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

## بگرام ایئر بیس حوالے نہ کیا گیا تو نتائج برے ہونگے، ٹرمپ

امریکی صدر کی سوشل ٹرتھ پوسٹ میں افغانستان کو سنگین نتائج کی دھمکی

واشنگٹن (مہ ذ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بگرام ایئر بیس واپس نہ کرنے پر افغانستان کو سنگین نتائج کی دھمکی دے دی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے ٹرتھ ..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

## ملتان: سی سی ڈی کی کارروائی، 7 مشتبہ ڈاکو ہلاک، 3 زخمی

وداری میں 3 آپریشن کیے جن میں 6 مشتبہ افراد ہلاک اور ایک زخمی ہوا

ملتان (مہ ذ) ملتان کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (سی سی ڈی) نے وداری کیا کہ بتلنہ کے وداری، ملتان اور شجاع آباد میں کی جانے والی 6 کارروائیوں ..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

# پاکستان تمام اہداف پورے کرنے کے قریب، آئی ایم ایف وفد 25 ستمبر کو دورہ کریگا

وفد 7 ارب ڈالر کے ای ایف ایف معاہدے کے تحت ملک کی کارکردگی کا جائزہ لے گا جو 2025 کی پہلی ششماہی کا احاطہ کرتا ہے

نائب لائن سیکیورٹیز کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کے آئی ایم ایف کے اہداف پر پورا اترنے کے امکانات روشن ہیں، میڈیا رپورٹ

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی جانب سے مقرر کردہ ساتوں معیاری کارکردگی کے معیار (کیو پی ای) پر پورا اترے گا، جو کہ ملک کے توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) پروگرام کے دوسرے سٹیشن ..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

## پاکستان زیر التواء مقدمات کے سنگین مسائل کا شکار، مقررین

بین الاقوامی سطح کی ثالثی کا بھی نفاذ ہونا چاہیے، جسٹس میاں گل حسن، جسٹس شاہد وحید اور جسٹس شاہد وحید نے کہا ہے کہ پاکستان زیر التواء مقدمات ..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

## غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم شادی خان گرفتار

475 ملین ایرانی ریال، 60 امریکی ڈالر، 2 لاکھ 59 ہزار روپے برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایف آئی اے کوئٹہ زون نے مرکل تھانہ کے حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے ملی اور غیر ملکی کرنسی قبضے میں لے لی۔ ..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی پولیس محمد طاہر پی ہیڈ کوارٹر بلوچستان کا معائنہ کر رہے ہیں، ریٹائرڈ آئی جی پی آئی محمد یوسف بھی ہمراہ ہیں

## دریائے سندھ کوٹری بیراج پر پانی کی آمد میں مزید اضافہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) دریائے سندھ میں کوٹری بیراج پر پانی کی آمد میں مزید اضافے کے بعد دریائے دریچے کا سیلاب بے قابو ہو گیا ہے۔ بدھ کو 3 لاکھ 52 ہزار کیوسک ہو گیا۔ فلڈ فورکاسٹنگ ڈویژن لاہور کے مطابق گذشتہ روز سے کوٹری بیراج پر بہاؤ میں کمی کا سلسلہ جاری رہا، گذشتہ کے بعد کوٹری بیراج پر بھی سیلاب ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

## امریکا سے تجارتی کشیدگی، مودی کی عوام سے ملکی مصنوعات استعمال کرنے کی اپیل

نئی دہلی (مہ ذ) بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کے عوام سے کہا ہے کہ وہ غیر ملکی مصنوعات کا استعمال کریں اور مقامی مصنوعات استعمال کریں، انہوں نے یہ بات ایسے وقت کی ہے جب بھارت کے امریکا کے تجارتی تعلقات کشیدگی کا شکار ہیں۔ عالمی غیر رسمی ادارے ریٹنگز رپورٹ کے مطابق اقوام کو قوم سے خطاب ..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

## سعودی عرب پاکستان کو سب سے بڑا سستا قرضہ دینے والا ملک بن گیا

ریاض (نیوز رپورٹ) سعودی عرب پاکستان کو سب سے بڑا سستا قرضہ دینے والا ملک بن گیا۔ حکام وزارت خزانہ کے مطابق سعودی عرب نے 5 ارب ڈالر کیڈٹ پائنس 4 فیصد شرح سود پر دے رکھے ہیں، سعودی قرضہ پیٹرول پائنس اور مشترکہ قرضوں کے مقابلے میں کہیں سستا ہے، سعودی عرب نے دو الگ الگ پیکیج ..... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

## ایک دہشتگرد کا سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی، 2 دہشتگرد ہلاک

کی مہرت (نیوز رپورٹ) کی مہرت میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشتگردوں کو ہلاک جبکہ دو کو گرفتار کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کی مہرت میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 2 دہشتگرد ہلاک ہو گئے جبکہ ..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

## عالمی سطح پر قیام امن کیلئے پاک فوج کی کوششوں کو خراج تحسین

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) اقوام متحدہ کی جانب سے 21 ستمبر کو امن کا عالمی دن منایا گیا، عالمی امن کے حوالے سے پاک فوج کو کردار کو خراج تحسین ہے، پاک فوج کے دستے دنیا بھر میں اقوام متحدہ کی امن کوششوں میں ..... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

## پاکستان کا فاعی اور انٹیلی جنس بجٹ سول نگرانی کا دائرہ میں لائے، امریکا

عوامی اور پارلیمانی سطح پر بحث کیلئے بجٹ تجاویز بروقت شائع کرے، پاکستان نے ایگزیکٹو بجٹ تجویز مناسب وقت میں شائع نہیں کی

پاکستانی سپریم آڈٹ انسٹی ٹیوشن عالمی معیار کے مطابق ہیں، بجٹ کی معلومات عام طور پر قابل اعتماد ہیں، فسکل نرافسیر نسی رپورٹ

واشنگٹن (مہ ذ) امریکا نے پاکستان پر زور دیا ہے کہ دہائے دفاعی اور انٹیلی جنس بجٹ کو پارلیمانی یا سول عوامی نگرانی کے دائرے میں لائے۔ اسے مالی احتساب اور شفافیت بہتر بنانے کا ایک اہم قدم قرار دیا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق یہ سفارش جمعہ کو جاری ہوئی والی امریکی تنظیم خاصیت فی 2025 فسکل نرافسیر نسی رپورٹ میں کی گئی ہے، یہ سالانہ رپورٹ دنیا بھر ..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

## کراچی: سپریم کورٹ نے 3 خواہیہ سراؤں کی لائسنس برآمد، وزیر اعلیٰ کا نوٹس

کراچی (نیوز رپورٹ) کراچی میں سیکن کوٹھی کی لائسنس کی بنا پر بالی ہوئی 3 خواہیہ سراؤں کی لائسنس کی بنا پر پولیس اور ریسکیو ادارے جانے کے لیے پہنچ گئے، وزیر اعلیٰ سندھ نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی سندھ سے رپورٹ طلب کرلی اور حکام ..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

## کوئی فلسطینی ریاست نہیں بنے گی، نیتن یاہو کا رد عمل

مغربی کنارے میں یہودی آبادکاری کے اقدامات جاری رہیں گے

برطانیہ، کینیڈا اور آسٹریلیا کے اعلان پر اسرائیلی صدر کا وضاحتی بیان

تل ابیب (مہ ذ) اسرائیلی وزارت خارجہ نے اقوام کو برطانیہ، کینیڈا اور آسٹریلیا کی جانب سے فلسطینی ریاست کو یکطرفہ تسلیم کرنے کے فیصلے کو مسترد کر دیا۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے بھی ایک بار پھر بحث دھرائی کہ مقابلہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئی فلسطینی ریاست نہیں بنے گی، مغربی کنارے میں یہودی آبادکاری کے اقدامات جاری رکھیں گے۔ نیتن ..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

## گھی اور تیل کی قیمتوں میں 12 روپے فی کلو اضافہ

بوتل سیل میں گھی 3 5 5 اور آئل 5 7 2 روپے فی کلو فروخت

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) گھی اور کھانا بنانے والے تیل کی قیمتوں میں 12 روپے تک اضافہ ہو گیا۔ اوپن مارکیٹ میں مہنگائی کا رجحان ہے اور بوتل اور گھی ..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

## پاکستان میں ایک کروڑ 90 لاکھ کم عمری کی شادیوں کا انکشاف

تقریباً ہر 6 میں سے ایک لڑکی کی شادی 18 سال کی عمر سے پہلے کی جاتی ہے، رپورٹ

غیر ملکی فنڈنگ کے انتظار میں نہیں بیٹھنا چاہیے، بچوں کو تحفظ ہماری اپنی ذمہ داری ہے، جاوید جبار

ڈیلیگیٹ (مہ ذ) اقوام متحدہ کا عالمی فنڈ برائے اطفال (یونیسیف) نے کہا ہے کہ پاکستان میں ایک کروڑ 90 لاکھ سے زائد لڑکیوں کی کم عمری میں شادیاں ہوئی ہیں، جن میں سے تقریباً ہر 6 میں سے ایک لڑکی کی شادی 18 سال کی عمر سے پہلے کر دی جاتی ہے۔ ..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

## وزیر اعظم ٹرمپ اور مسلم رہنماؤں کی ملاقات میں شریک ہوں گے

علاقائی اور عالمی امن و سلامتی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا جائیگا

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور مختلف مسلم رہنماؤں کی ملاقات میں شریک ہوں گے۔ وفاقی خارجہ سے اتوار کو جاری بیان ..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

## خدیجہ شاہ نے سزا کیخلاف لاہور ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا

9 سمی کیس میں سیاسی بنیادوں پر غلط طور پر پھنسایا گیا، فیئرٹرائل

لاہور (مہ ذ) فیئرٹرائل انٹرنیشنل خدیجہ شاہ نے لاہور ہائی کورٹ سے رجوع کرتے ہوئے 9 سمی کے کیس میں اپنی سزا کو چیلنج کر دیا ہے۔ اخبار میں شائع رپورٹ کے مطابق فیئرٹرائل انٹرنیشنل خدیجہ شاہ نے دعویٰ کیا ہے کہ انہیں سیاسی بنیادوں پر کیس میں غلط طور پر پھنسایا ..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر



# متعلقہ اداروں کی نااہلی، کوئٹہ میں منشیات کا ناسور بہت تیزی سے پھیل رہا ہے

## ہیروئن کے عادی افراد کو گرفتار کرکے علاج والے اداروں میں داخل کیا جائے

### شہر میں منشیات فروشی سرعام جاری ہے، نقیب اللہ کاکڑ، نقیب اچکزئی سمیت کی مشرق سے گفتگو

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ شہر میں منشیات کے عادی افراد میں اضافہ، ناسور معاشرے کی بے حسی اور متعلقہ اداروں کی نااہلی کی وجہ سے بہت تیزی سے پھیل رہا ہے متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریوں سے غافل نظر آرہے ہیں کوئٹہ کے شہریوں نقیب اللہ کاکڑ، نقیب اچکزئی و دیگر نے مشرق سروے ٹیم۔ سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ کوئٹہ شہر میں منشیات فروشی سرعام جاری ہے جبکہ منشیات کے عادی افراد میں بھی بے تحاشا اضافہ ہورہا ہے جس کے باعث کوئٹہ کے شہری سمیت تاجر برادری بھی اپنے مال کو محفوظ رکھنے میں بھی حکومت وقت پر عدم اطمینان کا اظہار کررہے ہیں انہوں نے حکومت وقت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ہے حتی نالہ میں آپریشن کرکے کوئٹہ شہر میں جگہ جگہ ہیروئن کے عادی افراد کو گرفتار کرکے متعلقہ ٹرسٹ اداروں کے حوالے کیا جائے وہاں ان کی صحت اور منشیات کے تدارک کیلئے باقاعدہ علاج معالجہ کیا جائے تاکہ شہریوں کے مشکلات کم ہوسکے اور مستقبل کے نسل منشیات جیسے ناسور سے بچ سکے

اسسٹنٹ کمشنر شاہان یار محمد کوئٹہ پریس کلب میں مقابلے کے امتحانات کے حوالے سے طلباء کو رہنمائی فراہم کررہے ہیں

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر ... کے دورے کے موقع پر ... آئی جی ... بریفنگ دے رہے ہیں

# پاکستان چلڈرن اکیڈمی کے انتخابات، امیدوار بلامقابلہ منتخب

## بیگم ثاقبہ رحیم الدین تاحیات چیئرمین رہیں گی جبکہ فائز رحیم الدین قائم چیئرمین ہوں گے

### محمد آصف سینئر وائس چیئرمین، پروفیسر رابعہ حمید درانی وائس چیئرمین، عبدالغفار لانگو جنرل سیکرٹری ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان چلڈرن اکیڈمی (ٹرسٹ) کے انتخابات میں آئندہ 3 سال کیلئے تمام امیدواروں کو بلامقابلہ منتخب کرلیا گیا جبکہ تاحیات چیئرمین محترمہ ثاقبہ رحیم الدین ہوں گی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان چلڈرن اکیڈمی (ٹرسٹ) کے بورڈ آف ٹرسٹیز کے 3 سالہ انتخابات اکیڈمی کے مرکزی دفتر شارع خوجک میں منعقد ہوئے اس موقع پر بورڈ آف ٹرسٹیز کے تمام اراکین موجود تھے جبکہ فائز رحیم الدین خان اور محمد طارق بٹ نے آن لائن شرکت کی۔ چیئرمین کا عہدہ محترمہ بیگم ثاقبہ رحیم الدین خان کی اکیڈمی کیلئے بے مثال خدمات کی بنا پر تاحیات محترمہ بیگم کے پاس ہے۔ ان کی علالت کے باعث فائز رحیم الدین خان قائم مقام چیئرمین کی خدمات سرانجام دیتے رہیں گے۔ قائم مقام چیئرمین کی خواہش تھی کہ جس طرح آئین کے مطابق بیگم صاحبہ کی موجودگی میں عہدیداروں کا انتخاب ہوتا تھا اب بھی اسی طریقے سے انتخابات کروائے جائیں۔ چنانچہ مجلس عاملہ کے اجلاس میں اراکین میں سے خواہش مند حضرات نے مختلف عہدوں کیلئے اپنے نام پیش کیے جن کے مقابلے میں کسی اور ممبر نے ان عہدوں کیلئے نام نہیں دیئے اس طرح تمام عہدیداران بلامقابلہ منتخب ہوئے۔ ان میں سینئر وائس چیئرمین کیلئے محمد آصف، وائس چیئرمین پروفیسر رابعہ حمید خان درانی، جنرل سیکرٹری حاجی عبدالغفار لانگو، جوائنٹ سیکرٹری سید باقر حسین، فنانس سیکرٹری عبدالشکور اور سیکرٹری اطلاعات کیلئے فضل الرحمن منتخب ہوئے۔ کمیٹی کے دیگر اراکین سرور جاوید، محمد یوسف شاہین، نجیب اللہ، فیصل درانی، شاہ جہاں، محمد عدنان اور محمد طارق بٹ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ بورڈ آف ٹرسٹیز کے اراکین نے منتخب امیدواروں کو منتخب ہونے پر مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ پاکستان چلڈرن اکیڈمی (ٹرسٹ) حسب سابق خدمات انجام دیتی رہے گی اور ملک اور خصوصاً صوبہ بلوچستان کے طلبا کی پوشیدہ صلاحیتوں کو سامنے لانے میں اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ اس موقع پر سینئر چیئرمین محمد آصف نے انتخابات باوقار طریقے سے منعقد کروانے پر مجلس عاملہ کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ جس طرح ماضی میں وہ بے لوث طریقے سے اپنی خدمات انجام دیتے رہے ہیں آئندہ بھی جاری رکھیں گے۔ منتخب اراکین نے عہد کیا کہ وہ آنے والے دنوں میں طلبا کیلئے مختلف سرگرمیوں کا انعقاد جاری رکھیں گے تاکہ ان کی خداداد صلاحیتیں سامنے آسکیں اور مستقبل میں پاکستان کے اچھے اور ذمہ دار شہری بن سکیں۔

# پاکستان میں 51.5 فیصد بچے وٹامن اے کی کمی کا شکار ہیں، یونیسف

## پولیو این آئی ڈیز مہم کے دوران وٹامن اے کے کیپسول فراہم کیے جاتے ہیں، ڈاکٹر نجیب

کوئٹہ (اے پی پی) حکومت بلوچستان صوبائی ایمرجنسی آپریشن سیل اور توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات کے تعاون سے نیوٹریشن انٹرنیشنل کی جانب سے وٹامن اے کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے ایک خصوصی تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں بلوچستان کے مختلف اضلاع کے سرکاری افسران و ذمہ داران نے شرکت کی۔ تربیتی سیشن میں معزز مہمانوں اور شراکت داروں نے بھی شرکت کی، جن میں امیونائزیشن آفیسر یونیسف EPI بلوچستان ڈاکٹر نور حسین، ہیلتھ اسپیشلسٹ یونیسف ڈاکٹر نعیم بلوچ، ٹیم لیڈ یونیسف پولیو شاہ پور سلیمان، ٹیکنیکل فوکل پرسن BMGF بلوچستان ڈاکٹر نجیب مروت، EPI کے فضل رحیم اور پروونشل ای او سی کے انور خروٹی شامل تھے۔ شرکا نے وٹامن اے کی کمی کے بچوں پر مضر اثرات اور اس کے تدارک کے لیے جاری اقدامات پر روشنی ڈالی۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ مختلف اداروں کے باہمی تعاون سے ہی پاکستان میں بچوں کی صحت اور غذائیت کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ شرکا نے کہا کہ پاکستان میں 6 سے 59 ماہ کی عمر کے 51.5 فیصد بچے وٹامن اے کی کمی کا شکار ہیں، جو ان کی صحت کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔ بچوں کی بہتر نشوونما اور صحت مند زندگی کو یقینی بنانے کے لیے سال میں دو بار پولیو این آئی ڈیز (NIDs) مہم کے دوران وٹامن اے کے کیپسول فراہم کیے جاتے ہیں۔

# افغانستان جانے والوں کو کرائیوں میں رعایت دی جائے، نور محمد شاہوانی

## بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر، دیگر رہنماؤں کی گڈز ٹرک اونرز سے اپیل

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی نے تمام ٹرانسپورٹرز حضرات ٹرک مزدا ٹرالر کنٹینر مالکان ڈرائیوران حضرات سے پرزور اپیل کی جاتی ہے کہ برائے مہربانی کرکے انسانیت اور مسلمانی کو مدنظر رکھتے ہوئے افغانستان کے لیے گھریلو سامان میں زیادہ منافع نہ کمایا جائے اور خاص کر گھریلو سامان کے لیے کرائیوں میں خصوصی کمی کی جائے اور مناسب کرایہ پر گھریلو سامان کو لوڈ کیا جائے یہ انسانیت اور مسلمانی کا تقاضا ہے جو کہ امت مسلمہ پر فرض ہے لہذا مہربانی فرما کر کرایہ کم کرکے مناسب کرایہ پر سامان لے جائے گھریلو تاکہ راستے میں کسی قسم کا تکلیف نہ پہنچے اور گاڑیوں کو جلد سے جلد خالی کرکے دوبارہ لوڈ کیا جائے۔

رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی کچلاک کلی سملی میں علاقے کے لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

# سابق وزیراعظم کو فیئر ٹرائل کا حق نہیں دیا جا رہا، ایوب قریشی

## ذاتی طور پر حاضری ملزم کا قانونی اور آئینی حق ہے، رہنما نیشنل پارٹی

کراچی/کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما محمد ایوب قریشی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف سربراہ، سابق وزیراعظم عمران خان کے خلاف مقدمات کو جس بھونڈے طریقے سے چلایا جا رہا ہے یہ طریقہ انصاف دینے کے برعکس اور سیاسی انتقام ہے انتقام کے زمرے میں آتا ہے یہ بات دنیا دیکھ رہی ہے کہ سابق وزیراعظم کو فیئر ٹرائل کا حق نہیں دیا جا رہا ہے انہوں نے کہا اس سے پہلے بھی اعلیٰ عدالتوں میں ملک کے سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کو غیر منصفانہ ٹرائل کے ذریعے سزائے موت دی جا چکی ہے اور ملک کی اعلیٰ عدالتوں نے اس بات کو تسلیم بھی کیا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھ انصاف کے نام پر عدالتوں کی طرف سے ناانصافی ہوئی ہے جناب بھٹو کو قتل کے ایک نام نہاد مقدمے میں موت کی سزا دی گئی تھی اور اب پھر ایک سابق وزیراعظم کو شفاف عدالتی طریقہ کار سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ ایوب قریشی نے کہا جب عدالت کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ عمران خان کے مقدمے میں ان کے وکلا سیاسی باتیں نہ کریں تو پھر یہ پوچھنا ضروری ہو جاتا ہے کہ ایک سیاست دان اور ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کے بانی سربراہ کے خلاف غیر منصفانہ طریقے سے چلائے جانے والے مقدمے میں اگر کوئی سیاسی بات ہو جائے تو اس میں کیا برائی ہے۔ نیشنل پارٹی کے رہنما نے کہا عدالت میں ذاتی طور پر حاضری ملزم کا قانونی اور آئینی حق ہے اس قانونی حق سے ملزم کو محروم کرنا آئین کے آرٹیکل 10 کی واضح خلاف ورزی ہے۔ یاد رہے کہ آرٹیکل 10 آئین میں دیئے گئے بنیادی انسانی حقوق کے باب کا حصہ ہے اور آئین میں دیئے گئے بنیادی انسانی حقوق کو کسی بھی طرح بھی کم یا معطل نہیں کیا جاسکتا ہے ایوب قریشی نے کہا ہمارا یہ مطالبہ ہے کہ عمران خان اور تحریک انصاف کے تمام گرفتار شدہ کارکنوں اور ماہ رنگ بلوچ سمیت بلوچ یک جہتی کمیٹی کے گرفتار کارکنان کے مقدمات کو جیلوں اور عقوبت خانوں میں نہ چلایا جائے، مقدمات کو کھلی عدالتوں میں چلایا جائے اور ملزمان کو اپنے خلاف چلنے والے مقدمات میں ہر طرح کا قانونی اور آئینی حق استعمال کرنے کا موقع دیا جائے۔

# بلدیاتی انتخابات نہ ہونے کے باعث کوئٹہ مسائلستان بن چکا ہے

## کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج نظام درہم برہم ہے، سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں

### صفائی کا انتظام انتہائی خراب ہے محمد دین خلجی، رزاق، احمد، صلاح الدین بلوچ اور دیگر کی بات چیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج نظام درہم برہم اہلیان علاقہ سخت پریشان بلدیاتی نظام مکمل طور پر ناکام فوری طور بلدیاتی نمائندوں کے انتخاب کیلئے بلدیاتی الیکشن کرائے جائیں۔ مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے وحدت کالونی اور اسپنی روڈ کے محمد دین خلجی، رزاق، احمد، صلاح الدین بلوچ اور دیگر نے بتایا ہے کہ وحدت کالونی سمیت جناح روڈ اور دیگر علاقوں میں عرصہ دراز سے صفائی کا انتظام انتہائی خراب ہے، گزشتہ 10 سالوں سے بلدیاتی انتخابات نہ ہونے کے باعث مختلف علاقوں میں سیوریج نظام درہم برہم۔ نالیوں کا پانی سڑکوں پر بہتا رہتا ہے آبادی بڑھتے کیساتھ ہی سیوریج لائنوں کے بڑھتے پائپ ڈالے جائیں، وزیراعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری و دیگر اعلیٰ حکام سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر فوری نوٹس لیکر کارروائی عمل میں لائی جائے بصورت دیگر عوام احتجاج پر مجبور ہونگے

کوئٹہ، حاجی یعقوب ہنگوئی کے بیٹے میر محمد ظاہر ہنگوئی، محمد کامران ہنگوئی کے بھائی میر محمد عمران ہنگوئی کی پہلی برسی کے موقع پر محفل میلاد میں علامہ شہزاد عطاری، علامہ عاقل و دیگر اسٹیج پر بیٹھے ہیں

# نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں وہ اپنی اہمیت کو سمجھیں، اے سی شاہان یار محمد

## اے سی و ڈی ایس پی آفتاب علی عمرانی کی تعلیم دوستی قابل ستائش ہے، علاقہ مکین

### دونوں نوجوان افسران طلباء کے لئے ایک حقیقی رہنمائی کا ذریعہ ثابت ہو رہے ہیں،

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے طلبا کو طویل عرصے سے تعلیمی رہنمائی کے فقدان کا سامنا تھا، تاہم اسسٹنٹ کمشنر شاہان یار محمد اور ڈی ایس پی آفتاب علی عمرانی نے اپنی علمی خدمات اور کاوشوں کے ذریعے طلباء کو نہ صرف کتابوں کے ذریعے رہنمائی فراہم کی بلکہ ان کے لئے فری آن لائن کلاسز کا بھی اہتمام کیا۔ طلباء کے لئے ان کی یہ خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، اور یہ نوجوان افسران بلوچستان کے طلباء کے لئے ایک حقیقی رہنمائی کا ذریعہ ثابت ہو رہے ہیں۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی کے طور پر اسسٹنٹ کمشنر شاہان یار محمد نے کوئٹہ پریس کلب میں طلباء کے لئے منعقدہ فری سیمینار سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں مقابلے کے امتحانات میں کامیابی کے لئے محنت، لگن اور مستقل مزاجی کو اپنا شعار بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کامیابی کے لیے وقت کی قدر اور جدید تعلیمی تقاضوں کے مطابق تیاری نہایت ضروری ہے۔ شاہان یار محمد نے طلباء کو امتحان کی تیاری کے مختلف طریقہ کار سے آگاہ کیا اور کہا کہ مشکلات اور چیلنجز زندگی کا حصہ ہیں، تاہم ان پر قابو پانے کے لیے ہمت اور حوصلہ بنیادی شرط ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے حامل ہیں، اگر انہیں درست سمت اور بروقت رہنمائی فراہم کی جائے تو یہ نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کا نام روشن کرسکتے ہیں۔ سیمینار میں بڑی تعداد میں طلباء و طالبات نے شرکت کی اور اسسٹنٹ کمشنر کے خطاب کو بھرپور انداز میں سراہتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی اس طرح کے رہنمائی پر مبنی پروگرامز کا انعقاد جاری رہے گا۔



جمعیت نظریاتی کے مرکزی جنرل سیکرٹری و کنوینر مفتی شفیع الدین امروٹ شریف میں جلسہ سے خطاب کررہے ہیں

# مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائی جارہی ہے، رمضان ہزارہ

## سینٹرل کمیٹی کے رکن کی زیر صدارت اجلاس میں 3 اکتوبر جلسہ کیلئے کمیٹیاں بنائی گئیں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کے ممبر ڈاکٹر محمد رمضان ہزارہ کے زیر صدارت ہزارہ ٹاؤن آفس میں جنرل باڈی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں 3 اکتوبر بروز جمعہ جلسہ عام کے سلسلے میں اہم فیصلے کئے گئے جس میں عوام میں پارٹی کی جانب سے پمفلٹ، بلز اور دعوت نامے تقسیم کرنے کے لیے کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئی کمیٹی ممبران میں حاجی اصغر علی ہزارہ، ڈاکٹر ضیاء الدین آغا کربلائی حسین علی ہزارہ، طاہر آغا عظیم خان، ڈاکٹر حسین ہزارہ اور مرتضیٰ ہزارہ شامل ہیں۔ اسکے علاوہ ہزارہ ٹاؤن بلاک نمبر 1 سے ایک وفد علاقے میں پانی کی نہ ہونے کی وجہ سے پارٹی آفس تشریف لائیں اور پارٹی کو علاقے کے مسائل کے حوالے سے بھی آگاہ کیا جس پر ممبر سینٹرل کمیٹی ڈاکٹر رمضان ہزارہ نے وفد کو یقین دلایا کہ پارٹی نے عوام کے بنیادی حقوق کو حاصل کرنے کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کی ہیں بالخصوص ہزارہ ٹاؤن میں پانی کی کمی کے سلسلے میں اعلیٰ آفیسران کو کئی بار تحریری طور پر درخواستیں بھی دے چکے ہیں۔

# ضلع اور تحصیل کی سطح پر گرلز ٹیکنیکل سنٹرز قائم کیے جائیں، اختر کاکڑ

## صوبے میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں مواقع فراہم کیے جائیں، سینئر نائب صدر ایوان صنعت وتجارت

کوئٹہ (آئی این پی) ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ نے کہا ہے کہ قلم کی طاقت دنیا کے ہر ہتھیار سے زیادہ ہے، بلوچستان سے تعلق رکھنے والی بچیوں میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں انہیں مناسب مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ ملک اور بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکتی ہے، حکومت بچیوں کے لئے ضلع اور تحصیل کی سطح پر ٹیکنیکل سنٹرز کے قیام کے لئے اقدامات اٹھائے اس بابت چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان ہر ممکن تعاون کے لئے تیار ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز وومن ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر کوئٹہ اور گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ فار گرلز کے باہمی تعاون سے خواتین کے لئے ووکیشنل ٹریننگ اور معاشی اختیارات کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید درانی، چیمبر آف کامرس کی نازیہ احمد و دیگر نے بھی اظہار خیال کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حاجی اختر کاکڑ کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں پہلی مرتبہ محترمہ راحیلہ حمید درانی کی صورت میں پہلی خاتون وزیر تعلیم ہے، جس نے انتہائی کم مدت میں تعلیمی میدان میں انقلابی اقدامات کیے ہیں ایسے اقدامات کی سالوں پہلے ضرورت تھی، انہوں نے شرکاء کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ قلم ہتھیار سے تیز ہیں دنیا میں قلم سے طاقتور کوئی چیز نہیں، ملک اور صوبے میں اعلیٰ عہدوں اور منصبوں پر فائز افراد کے قدم قلم ہی کی بدولت سے کامیابی نے چومے ہیں، انہوں نے کہا کہ میرا تعلق ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان سے ہیں جہاں پہلے کوئی میٹرک پاس طالب علم یا طالبہ نہیں تھی مگر اب ہمارے گھر سے آکسفورڈ یونیورسٹی سکالرشپس لینے والے نوجوان موجود ہیں انہوں نے کہا کہ ہر وہ طالب علم یا طالبہ کامیابی سے ہمکنار ہوگا جو حصول علم کو اپنا شعار بنائے گا، انہوں نے کہا کہ شعبہ تعلیم میں آج جو اقدامات اٹھائے جارہے ہیں وہ دس سے پہلے ہونے چاہئے تھے تاکہ ہم بھی چین اور دنیا کے دیگر ممالک کے ساتھ ترقی کی دوڑ میں شامل ہوتے، انہوں نے کہا کہ حالت یہ ہے کہ ضلع پشین میں سردار خان کاکڑ مرحوم کے دور میں ایک ٹیکنیکل سنٹر کا قیام عمل میں لایا گیا جہاں ملازمین بھی بھرتی ہوئے جن میں سے بعض ریٹائرڈ بھی ہوئے تاہم اس وقت تک سنٹر فعال نہیں ہوسکا، انہوں نے کہا کہ حکومت تحصیل یا پھر ضلع کی سطح پر ٹیکنیکل سنٹرز کا قیام عمل میں لائے تاکہ نوجوانوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر بھی سکھایا جاسکے، انہوں نے کہا کہ ہم ایکسپو کرانے کے لئے بھی تیار ہیں۔

ایف آئی اے بلوچستان زون کی کارروائی غیرقانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم گرفتار

### سروس رول 2016 میں ترمیم کرتے وقت تمام اسٹیک ہولڈر بمعہ ڈائریکٹریٹ کو بائی پاس کیا ہے، عبدالرشید خان بڑیچ

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایپکا) پاپولیشن ویلفیئر یونٹ کے صدر عبدالرشید خان بڑیچ، سینئر نائب صدر محمد عامر کاسی، جونیئر نائب صدر محمد اعظم اور جنرل سیکرٹری شاہ محمد کاکڑ نے اپنے ایک مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ سروس رول 2016 میں ترمیم کرتے وقت تمام اسٹیک ہولڈر بمعہ ڈائریکٹریٹ کو بائی پاس کیا ہے اور فرد واحد نے اپنے مرضی کے رول بنائے ہے، جس سے محکمہ میں کام کرنے والے اکاؤنٹنٹ B-16 اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹری B-16 اور اسسٹنٹ B-16 کے ترقی کے راستے مسدود کر دیئے ہے اور ملازمین کا مستقبل تاریک ہوگیا ہے انہوں نے کہا کہ B-16 کے اکثر ملازمین ریٹائرمنٹ کے نزدیک ہے محکمہ میں گریڈ 17 کے کئی پوسٹیں مختلف کیڈر پر مذکورہ ملازمین کا پروموشن کے مواقع موجود ہے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ سینئر ملازمین کو جان کر ترقی سے محروم کیا ہے انہوں نے سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر پارلیمنٹ سے پرزور مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ترمیم شدہ سروس رول پر نظر ثانی کیا جائے اور ملازم دوست سروس رول بنائے جائیں تاکہ تمام کیڈر کے ملازمین ہو سکے بصورت دیگر (ایپکا) پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ سخت سے سخت احتجاج کرنے پر حق بجانب ہوگا۔

### بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں آج اور کل موسم گرم وخشک رہنے کا امکان

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات بلوچستان کے مطابق صوبے کے بیشتر اضلاع میں اتوار اور پیر کو موسم زیادہ تر گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے، جبکہ ساحلی علاقوں میں جزوی طور پر ابر آلود موسم متوقع ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سب سے زیادہ درجہ حرارت نوکنڈی اور دالبندین میں 41 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ سب سے کم درجہ حرارت قلات میں 9 ڈگری سینٹی گریڈ رہا۔

### بارڈر ٹریڈ ہزاروں لوگوں کی دو وقت کی روٹی روزی کا وسیلہ ہے، میر غلام دستگیر بادینی

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام کے رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ نوشکی سمیت رخشان کے ہزاروں لوگوں کے گزر بسر کا ذریعہ ایران اور افغان بارڈر کے ذریعے تجارت و چھوٹے کاروبار ہیں جہاں محنت مزدوری کرکے مقامی لوگ دو وقت کی روٹی کما کر گھر چلا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ نوشکی سمیت بلوچستان میں اس وقت بیروزگاری اپنی عروج پر ہیں تعلیم یافتہ نوجوان سرکاری نوکریوں کے لیے اپنی عمر ضائع کررہے ہیں اور مایوسی کی شکار ہورہے ہیں بلوچستان میں نہ تو کوئی فیکٹری ہے اور نہ ہی روزگار کے متبادل ذرائع ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے وہ بارڈری اضلاع کے عوام کو بارڈر سے قانونی طور پر تجارت کا موقع دے تاکہ یہاں کے نوجوان باعزت روزگار کرسکیں انہوں نے کہا کہ بیروزگاری میں اضافے کے منفی اثرات صوبے کے امن وامان پر بھی پڑرہے ہیں، مایوس نوجوان زندگیوں سے تنگ آکر غلط راستوں پر چلنے کے لیے مجبور ہوتے ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ نوشکی چاغی اور واشک اضلاع سے پاک ایران اور پاک افغان بارڈرز کو تجارت کے لیے کھول دی جائے روزمرہ استعمال کی چیزیں اور کھانے پینے کی اشیاء سرحد پار سے لانے میں کوئی رکاوٹ اور قدغن نہیں ہونا چاہیے البتہ منشیات اور اسلحہ کی اسمگلنگ کو روکنے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جانے چاہیے تاکہ سرحدی تجارت کا کوئی ناجائز فائدہ نہ اٹھاسکیں۔

### محکمہ ایکسائز کی نااہلی کی وجہ سے 7 ہزار موٹر سائیکلیں بند ہیں، باز محمد خلجی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل بلوچستان موٹر سائیکل بارگین ایسوسی ایشن کوئٹہ کے صدر حاجی باز محمد خلجی نے کہا ہے کہ محکمہ ایکسائز کی نااہلی کے باعث لوگوں کی 7000 موٹر سائیکلیں کریک ڈاؤن میں بند کردی گئی ہیں۔ موٹر سائیکلوں کے کاغذات اور نمبر پلیٹیں بروقت نہ بنانے اور فیسوں میں سالانہ اضافہ قبول نہیں ہے جس کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ تاجر تنظیموں اور سیاسی جماعتوں کے ساتھ مل کر آئندہ کا لائحہ عمل طے کرکے اس ناروا اقدام کے خلاف احتجاج کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں زمان ترین، راز محمد کاکڑ، بابر عقیل، اعجاز الحق، روزی خان سمیت دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ کاغذات بک فیس 700 روپے، نمبر پلیٹ فیس 1200 روپے، رن فائل 200 روپے اور رجسٹریشن فیس 2355 روپے، لائف ٹائم ٹیکس روپے بینک چالان کے ذریعے قانونی طریقے سے جمع کراتے ہیں۔ محکمہ ایکسائز دوسری طرف ہم سے ناجائز طور پر 1500 روپے ای ٹی او، 250 روپے کمپیوٹر برانچ، 200 روپے نیو برانچ، 100 روپے کراچی بھیجنے والا، رن فائل 100 روپے، بینک چالان دینے والا 30 روپے اور ایکسائز چالان جمع کرنے پر 50 روپے وصول کرنا ناجائز اور ناانصافی ہے۔ بک ختم کرکے کارڈ جاری کررہے ہیں ہم کارڈ اور نمبر پلیٹ 1800 روپے میں قبول نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں غیر رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کے خلاف حکومتی کریک ڈاؤن جاری ہے جس میں شہریوں اور ایسوسی ایشن نے حکومت کے ساتھ مکمل تعاون کیا لیکن اس کی آڑ میں جاری کرپشن اور ناانصافیوں نے لوگوں کی پریشانیوں میں اضافہ کردیا ہے۔ محکمہ ایکسائز کی نااہلی، کرپشن اور بھتہ خوری کے باعث 36 ہزار موٹر سائیکلوں کو نمبر پلیٹ نہیں ملا ہے بند موٹر سائیکل محکمہ ایکسائز بک نہیں دیتا ہے محکمہ کی غفلت کے باعث خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے اس حوالے سے حکام بالا سے ملاقاتیں کیں لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی بک ختم کرکے کارڈ جاری کررہے ہیں ہم کارڈ اور نمبر پلیٹ 1800 روپے میں قبول نہیں کریں گے۔ اگر ہمارے مطالبات پر عملدرآمد نہ کیا گیا تو تاجر تنظیموں اور سیاسی جماعتوں سے مل کر آئندہ کا لائحہ عمل طے کرکے شدید احتجاج کریں گے جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

# نواں کلی کی سڑکیں طویل عرصے سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں

## مین روڈ میں پڑتے گہرے کھڈے ان میں کھڑا نالیوں کا گندا پانی مشکلات کا سبب بن رہا ہے

### پیدل اور موٹر سائیکل پر سفر کرنے والے دھول مٹی کی وجہ سے پہچانے نہیں جاتے، اعلیٰ حکام نوٹس لیں

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ کے وسطی و نواحی علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے نام پر سڑکیں اکھاڑ دی گئی جس پر تعمیراتی کام سست روی سے جاری ہے، کوئٹہ کے عوام نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، کمشنر کوئٹہ و دیگر حکام سے نوٹس لینے اور کارروائی کا مطالبہ کیا ہے وقار شاہ، کلیم اللہ، حیات اللہ و دیگر نے بتایا ہے کوئٹہ کے نواحی و گنجان آباد علاقے نواں کلی کی سڑکیں عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، مکین بند دھول مٹی سے تنگ صوبائی حکومت سے نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہیں نواں کلی کے عجب خان ناصر، نثار کاکڑ ایڈووکیٹ، جناح روڈ علی احمد پیر علیزئی، سردار خان ترین، چوتڑل روڈ کے نعمت ترین و دیگر نے بتایا ہے کہ سڑکوں کی تعمیر ومرمت میں تیزی رفتاری سے کام لیا جائے، اس سڑک پر دن کو ہزاروں لوگ سفر کرتے ہیں متعدد لوگ موٹر سائیکل پر سفر کرتے ہیں، گاڑی والے لوگ دھول مٹی سے محفوظ ہیں جبکہ پیدل اور موٹر سائیکل پر چلنے۔ والے لوگ مٹی کی وجہ سے ان کی پہچان مشکل۔ بن جاتی ہے، انہوں نے فوری طور پر رکن صوبائی اسمبلی سے ہنگامی کام کرانے کی اپیل کرتیں، بصورت دیگر احتجاج کرینگے

# عمران خان اور کارکنوں کے ساتھ زیادتی کا ذمہ دار چوروں کا ٹولہ ہے، رحیم کاکڑ

## مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی بھی فیڈریشن والی سیاست کو پشت ڈال کر لوٹ مار میں لگ چکی ہے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر وائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، ضیاء الحق ایڈووکیٹ، نعمت اللہ ترین، بھائی امین آغا، ارشد اچکزئی، سردار بہلول، سردار احمد نے موجودہ ملکی صورتحال پر افسوس کا اظہار کیا ہے کہ ہر ایک ملک کو لوٹنے میں لگا ہے ملک کی سیاسی صورتحال پر صرف اور صرف پیسے کے بل بوتے پر چل رہا ہے ملک کی تمام مذہبی نسلی لسانی پارٹیاں جوکہ اپنے اصولی سیاست سے ہٹ ترقیاتی سیاست ٹھیکیداری سیاست لوٹ مار کی سیاست کررہی ہے انکا کردار عوام کے سامنے ہیں بلکہ عوام اس قسم کے سیاست اور ان کے نام نہاد لیڈران کی بات سننے کو تیار نہیں ہے ہر ایک اپنی ڈوبتی ہوئی نام نہاد ساکھ کو بچانے میں لگا ہے مگر سب لاحاصل ہے ملکی تاریخ کی دو پارٹیاں مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی بھی اپنے فیڈریشن والی سیاست کو پشت ڈال کر لوٹ مار میں لگ چکی ہے فوج کو لانے والے بھی ایسے بے ضمیروں کو لوٹنے لانے والے ہیں آج تحریک انصاف کی پارٹی اور چیئرمین عمران خان کے جیل اور ورکروں کے ساتھ زیادتی کے ذمہ دار بھی یہی چوروں کے ٹولے ہیں۔

اے این پی کے پارلیمانی لیڈر زمرک اچکزئی، انجام لالا ودیگر سید امیر علی آغا کے بھتیجے کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

# پاک سعودی معاہدہ، اقتصادی ومعاشی تعاون کی بنیاد بنے گا، خلیل جارج

## معاہدے پر دستخط ہوتے ہی مغربی دنیا اور پڑوسی ملک بھارت کی نیندیں اڑگئی ہیں

